# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: بہار 2017 |
| پرچہ: اقبالیات (303) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:-** چھ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

**سوال نمبر 1** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

1۔ علامہ اقبال کا کلام ابتدا میں دہلی کے کس ادبی رسالے میں چھپنا شروع ہوا؟
2۔ اورینٹل کالج میں اقبال نے کتنے سال ملازمت کی اور کون کون سے مضامین پڑھائے؟
3۔ حضرت سلمان فارسیؓ کہاں کے رہنے والے تھے؟
4۔ اقبال کی کس مثنوی میں عجمی تصوف پر تنقید کی گئی جس پر بحث و مباحث کا طویل سلسلہ شروع ہو گیا؟
5۔ اقبال کب اور کس حلقے سے صوبائی مجلس قانون ساز کے ممبر منتخب ہوئے؟
6۔ اقبال نے اٹلی کے کس مشہور ڈکٹیٹر سے ملاقات کی؟
7۔ اقبال تیسری بار انگلستان کب اور کس مقصد سے گئے؟
8۔ ہسپانیہ کی سیاحت کے دوران اقبال نے کس مسجد سے متاثر ہو کر نظم لکھی اور اس کا عنوان کیا ہے؟
9۔ اقبال کا تیسرا اردو مجموعہ کلام کب اور کس نام سے شائع ہوا؟
10۔ شعر مکمل کیجیے ع [illegible] کی بیداری سے میں

**سوال نمبر 2** اقبال کے فلسفۂ خودی پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

**سوال نمبر 3** ''جوابِ شکوہ'' میں مسلمانوں کے زوال کے کیا اسباب بتائے گئے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر 4** اقبال کے خیال میں مسلم قومیت کی بنیاد وطن نہیں بلکہ اسلام ہے۔ نظم ''ترانۂ ملی'' کے حوالے سے بحث کیجیے۔

**سوال نمبر 5** ''خطبہ عید الفطر'' کے اہم نکات بیان کیجیے۔

**سوال نمبر 6** اقبال نے اپنی ملت کے نوجوانوں کو کیا پیغام دیا ہے؟ شاملِ نصاب نظموں کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر 7** قائداعظم محمد علی جناح کے نام اقبال کے خطوط کے اہم نکات تحریر کیجیے۔

**سوال نمبر 8** درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔

کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں — کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبینِ نیاز میں
کھولی ہیں ذوقِ دید نے آنکھیں تری اگر — ہر رہ گزر میں نقشِ کفِ پائے یار دیکھ
تقلید کی روش سے تو بہتر ہے خودکشی — رستہ بھی ڈھونڈ خضر کا سودا بھی چھوڑ دے

ThePakEdu.com

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: بہار 2018 |
| پرچہ: اقبالیات (303) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:** - چھ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | 1۔ علامہ اقبال نے تعلیم کے سلسلے میں یورپ میں کتنا قیام کیا؟<br>2۔ قائداعظم کے نام خطوط کن تین سالوں کے دوران لکھے؟<br>3۔ اقبال کے اس آخری مجموعہ کلام کا نام کیا ہے جو ان کی وفات کے بعد شائع ہوا؟<br>4۔ صقلیہ (سسلی) پر اقبال کی نظم کا موضوع کیا ہے؟<br>5۔ علامہ اقبال لندن میں کون سی سیاسی جماعت کے رکن بنے؟<br>6۔ علامہ اقبال کی نظم "خطاب بہ جاوید" کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟<br>7۔ اقبال نے ترکِ شاعری کا ارادہ کس کے کہنے پر بدل دیا تھا؟<br>8۔ اقبال نے اپنا پی ایچ ڈی کا مقالہ کس استاد کی نگرانی میں مکمل کیا تھا؟<br>9۔ نظم "ترانہ ہندی" کا پہلا نام کیا تھا؟<br>10۔ علامہ اقبال اپنے سفر کے دوران دلی میں کس شاعر اور کس شہزادے کے مزار پر حاضر ہوئے؟ | 10 |
| سوال نمبر 2 | درج ذیل عنوانات پر ایک ایک صفحے کے نوٹ لکھیں۔<br>(ا) نظم "فاطمہ بنت" کا تعارف (ب) اقبال اور عشق رسول | 18 |
| سوال نمبر 3 | خطوط اقبال بنام قائداعظم میں اقبال نے الگ اسلامی مملکت کا جو تصور پیش کیا اس کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 4 | 1918ء تا 1938ء کے دوران اقبال کی علمی و ادبی سرگرمیوں کی تفصیل بیان کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 5 | خطوط اقبال بنام "قائداعظم" میں علامہ اقبال نے الگ اسلامی مملکت کا جو تصور پیش کیا اس کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 6 | "ضرب کلیم" کے تعارف پر مشتمل ایک مفصل نوٹ تحریر کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 7 | علامہ اقبال کے تصور خودی کی وضاحت اور اس کی اہمیت پر مبنی ایک مضمون تحریر کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 8 | علامہ اقبال کی اردو نثر نگاری اور اس کے اسلوب پر دو صفحے کا ایک مضمون تحریر کریں۔ | 18 |

***********

ThePakEdu.com

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | | |
|---|---|---|
| سطح۔ایف اے | | سمسٹر:خزاں 2021ء |
| پرچہ: اقبالیات (303) | | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | | کامیابی کے نمبر: 40 |

## نوٹ: پانچ سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | درج ذیل سولات کے مختصر جواب دیجیے:<br>الف۔<br>I۔ اورینٹل کالج میں علامہ اقبال نے کتنے سال ملازمت کی؟<br>II۔ مسلم برادرہڈ کی طرف سے لاہور میں یوم اقبال کب منایا گیا؟<br>III۔ اقبال کے خیال میں مسلمانوں کے زوال کے اسباب کیا تھے؟<br>IV۔ "اقبال نے ایشیا کی "ڈیوائن کامیڈی" کسے کہا ہے؟<br>V۔ "بانگ درا" کا دیباچہ کس نے لکھا؟<br>VI۔ اقبال نے نظم "التجائے مسافر" کس بزرگ کے مزار پر حاضر ہو کر پڑھی تھی؟<br>VII۔ "ملازادہ ضیغم لولابی کشمیری کا بیاض" کتنے ٹکڑوں پر مشتمل ہے؟<br>VIII۔ "زبور عجم" اصل میں کتنی کتابوں پر مشتمل ہے؟<br>IX۔ "ملک یمین" سے کیا مراد ہے؟<br>X۔ "تقلید کی روش سے تو بہتر ہے خودکشی" شعر مکمل کیجیے۔؟<br>ب۔<br>اقبال کی عملی زندگی کی ابتدا پر مختصر نوٹ لکھیے۔ | 20 |
| 2 | قیام یورپ کے دوران اقبال کی تخلیقی سرگرمیوں پر روشنی ڈالیے | 20 |
| 3 | "بال جبریل" پر تعارفی نوٹ قلم بند کیجیے۔ | 20 |
| 4 | قائد اعظم کے نام اقبال کے خطوط کے اہم نکات بیان کیجیے۔ | 20 |
| 5 | نظم "چاند تارے" پر تعارفی نوٹ لکھیے اور بتایئے کہ اس نظم میں اقبال کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ | 20 |
| 6 | "اقبال اور نئی نسل" کے عنوان سے مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ | 20 |
| 7 | نظم "شکوہ" میں کس سے شکوہ کیا گیا ہے اور اس کی وجوہات کیا ہیں؟ مفصل بیان کیجیے۔ | 20 |
| 8 | اقبال نے کتنی گول میز کانفرنسوں میں شرکت کی اور ان کا موقف کیا رہا؟ وضاحت کیجیے۔ | 20 |

<><><><><>

www.educationhub.pk

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: خزاں 2017 |
| پرچہ: اقبالیات (303) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:- چھ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔**

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔<br>1۔ میٹرک کا امتحان اقبال نے کس امتحانی مرکز سے پاس کیا؟<br>2۔ علامہ اقبال کی سب سے پہلی کتاب کون سی ہے اور کب شائع ہوئی؟<br>3۔ اقبال نے اپنی نظم شکوہ کب اور کہاں پڑھی؟<br>4۔ پیامِ مشرق کس سال شائع ہوئی ؟<br>5۔ اقبال دوسری بار انگلستان کب اور کس مقصد سے گئے؟<br>6۔ فلسطین میں اقبال نے کس تنظیم کے اجلاس میں شرکت اور خطاب کیا؟<br>7۔ پہلا یومِ اقبال کب اور کس نے منایا ؟<br>8۔ اقبال کی مشہور نظمیں شکوہ اور جواب شکوہ ان کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہیں؟<br>9۔ اقبال کے آخری مجموعہ کلام کا نام کیا ہے اور یہ کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟<br>10۔ شعر مکمل کیجیے ع اس سے بڑھ کر اور کیا فکر و نظر کا انقلاب | 10 |
| سوال نمبر 2 | اقبال کا فلسفۂ بے خودی کیا ہے۔ تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 3 | نظم "شکوہ" کا فکری تجزیہ پیش کیجیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 4 | اقبال کا تصورِ وطنیت کیا ہے؟ توضیحی نوٹ لکھیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 5 | "بالِ جبریل" کے موضوعات کیا ہیں؟ تفصیل سے تحریر کیجیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 6 | علامہ اقبال کی شاعری کے ارتقا پر نوٹ لکھیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 7 | "ارمغانِ حجاز" پر ایک تعارفی مضمون تحریر کیجیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 8 | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔<br><br>اچھا ہے دل کے ساتھ رہے پاسبانِ عقل — لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے<br>پختہ ہوتی ہے اگر مصلحت اندیش ہو عقل — عشق ہو مصلحت اندیش تو ہے خام ابھی<br>تو خاک کی مٹی ہے اجزا کی حرارت سے — برہم ہو، پریشاں ہو، وسعت میں بیاباں ہو | 18 |

www.educationhub.pk

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: خزاں 2018 |
| پرچہ: اقبالیات (303) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

**نوٹ:-** چھ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔<br>1۔ علامہ اقبال نے لاہور کے کس تعلیمی ادارے میں تعلیم حاصل کی تھی؟<br>2۔ رموز بے خودی پہلی بار کب شائع ہوئی؟<br>3۔ جناح سکندر معاہدہ کب اور کہاں ہوا؟<br>4۔ علامہ اقبال 1926ء میں کس صوبائی مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے؟<br>5۔ علامہ اقبال کے آباو اجداد کا تعلق کس خطے سے تھا؟<br>6۔ نظم "شکوہ" کے اشعار زیادہ ہیں یا "جواب شکوہ" کے؟<br>7۔ مدیر مخزن سے کون مراد ہے؟<br>8۔ علامہ اقبال کے آخری مجموعہ کلام کا نام لکھیے؟<br>9۔ خطوط اقبال بنام جناح میں کون سا خط زیادہ اہم ہے؟<br>10۔ علامہ اقبال نے ایم اے کس مضمون میں کیا تھا؟ | 10 |
| سوال نمبر 2 | مندرجہ ذیل عنوانات پر نوٹ لکھیں۔<br>الف۔ اقبال کا عشق رسولؐ<br>ب۔ اقبال کی ابتدائی تعلیم و تربیت | 18 |
| سوال نمبر 3 | فرد اور جماعت کے ربط و تعلق کے بارے میں علامہ اقبال کے خیالات کی وضاحت بیان کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 4 | علامہ اقبال کے تصور بے خودی کی وضاحت کیجیے۔ | 18 |
| سوال نمبر 5 | علامہ اقبال کی تصنیف "بانگ درا" پر دو صفحوں کا نوٹ تحریر کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 6 | تحریک پاکستان میں قائداعظم کے نام علامہ اقبال کے خطوط کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 7 | علامہ اقبال کا اردو مجموعہ کلام "ضرب کلیم" ان کے فکر و فلسفے کا عمدہ احاطہ کرتا ہے۔ بحث کریں۔ | 18 |
| سوال نمبر 8 | اردو شاعری میں علامہ اقبال کی اردو غزلوں کی اہمیت بیان کریں۔ | 18 |

www.educationhub.pk

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

| | |
|---|---|
| سطح: انٹرمیڈیٹ | سمسٹر: بہار 2019 |
| پرچہ: اقبالیات (303) | کل نمبر: 100 |
| وقت: تین گھنٹے | کامیابی کے نمبر: 40 |

نوٹ: پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1 | درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔<br>1۔ علامہ اقبال عقل اور عشق میں سے کس کو فوقیت دیتے ہیں؟<br>2۔ ''بانگِ درا'' کب شائع ہوئی؟<br>3۔ نظم ''جوابِ شکوہ'' اقبال کے کس مجموعے میں شامل ہے؟<br>4۔ شعر مکمل کریں ''خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے''<br>5۔ علامہ اقبال کب فوت ہوئے؟<br>6۔ ''علامہ اقبال کے والد کا کیا نام تھا؟<br>7۔ ''علامہ اقبال اعلیٰ تعلیم مکمل کر کے کب یورپ سے واپس آئے؟<br>8۔ ''پیامِ مشرق'' کس زبان میں لکھی گئی؟<br>9۔ علامہ اقبال کے فارسی کلام کے مجموعوں کی تعداد زیادہ ہے یا اردو مجموعوں کی؟<br>10۔ علامہ اقبال نے اپنا مشہور خطبہ الٰہ آباد کب دیا؟ | 20 |
| سوال نمبر 2 | درج ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر ایک ایک صفحے کا نوٹ لکھیں۔<br>(۱) نظم ''شکوہ'' کا تعارف (۲) اقبال اور نئی نسل (۳) نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' کا تعارف | 20 |
| سوال نمبر 3 | علامہ اقبال کی اردو نثر نگاری پر مضمون تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 4 | فکرِ اقبال کی روشنی میں فرد اور جماعت کے باہمی رشتے پر مضمون تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 5 | نظم ''شکوہ'' کا فکری وفنی جائزہ پیش کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 6 | ''ترانہ ہندی'' اور ''ترانہ ملی'' کی روشنی ٰیں اقبال کی فکرِ قومیت پر مضمون تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 7 | علامہ اقبال کے حالاتِ زندگی مفصل تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر 8 | علامہ اقبال کے فلسفۂ خودی پر نوٹ لکھیں۔ | 20 |

www.educationhub.pk


jobs &
Scholarships
for Every one


JOBS
Scholarship & Jobs